

پڑھیے اور سیکھیے

آسان اُردو قاعدہ۔ حصّہ دوم

فوزیہ احسان فاروقی




OXFORD

پڑھیے اور سیکھیے

آسان اُردو قاعدہ۔ حصّہ دوم

فوزیہ احسان فاروقی





OXFORD
UNIVERSITY PRESS

اوکسفرڈ یونیورسٹی پریس

OXFORD
UNIVERSITY PRESS

اوکسفرڈ یونیورسٹی پریس، یونیورسٹی آف اوکسفرڈ کا ایک شعبہ ہے۔
یہ دنیا بھر میں بذریعۂ اشاعت تحقیق، علم وفضیلت اور تعلیم میں اعلیٰ معیار کے مقاصد کے فروغ میں
یونیورسٹی کی معاونت کرتا ہے۔ Oxford برطانیہ اور چند دیگر ممالک میں
اوکسفرڈ یونیورسٹی پریس کا رجسٹرڈ ٹریڈ مارک ہے

پاکستان میں اوکسفرڈ یونیورسٹی پریس
نمبر ۳۸، سیکٹر ۱۵، کورنگی انڈسٹریل ایریا،
پی۔او بکس ۸۲۱۴، کراچی۔ ۷۴۹۰۰، پاکستان
نے شائع کی

پہلی اشاعت ۲۰۰۹ء

ISBN 978-0-19-547862-4

سترھویں طباعت ۲۰۲۰ء

نوری نستعلیق فونٹ میں کمپوز ہوئی
۷۰ گرام وُڈ فری کاغذ پر طبع ہوئی

وی وی پی میں طبع ہوئی

اظہارِ تشکّر
تصاویر: صبا محمود

تعارف

اُردُو پڑھنا سکھانے کے لیے سہل، مستند اور دیدہ زیب قاعدوں کی ضرورت ایک عرصے سے محسوس کی جا رہی تھی۔ اوکسفرڈ یونیورسٹی پریس کی جانب سے اُردُو کی کتب کو دلچسپ اور جدید خطوط پر استوار کرنے کی یہ ایک اور کوشش ہے۔

اِن قاعدوں میں نہ صرف رنگین تصاویر شامل کی گئی ہیں بلکہ اُردُو پڑھنا سکھانے کا سہل اور جامع انداز اختیار کیا گیا ہے۔ اس آزمودہ اندازِ تدریس کی بنا پر طلبہ و طالبات کا حروفِ تہجّی کی پہچان سے الفاظ اور پھر جملوں کو پڑھنے کا سفر بحُسن وخوبی طے پا جاتا ہے۔

آوازوں کے حروفِ تہجّی سے تعلق کی پہچان دِلکش و رنگین تصاویر کے ذریعے کروائی گئی ہے۔ بچّے اِن تصاویر کے ذریعے جو اِن کے اِردگرد کے ماحول ہی پر مبنی ہیں، حروف سے متعلق ایک بڑا ذخیرۂ الفاظ حاصل کرتے ہیں۔ بعد ازاں اِن حروف کو ملا کر الفاظ اور پھر بتدریج جملوں کو پڑھنے کا اعتماد حاصل کرتے چلے جاتے ہیں۔


اُردُو میں جو الفاظ بہت زیادہ استعمال کیے جاتے ہیں ان کا ذخیرۂ بھی ان قاعدوں میں بڑھایا گیا ہے۔ ان الفاظ کو مکمل شکل میں بطور تصویر ذہن نشین کروایا جاتا ہے۔ طلبہ و طالبات اپنی تصویری یادداشت کی مہارتوں کو استعمال کرتے ہوئے یہ الفاظ سیکھ لیتے ہیں۔ (مثلاً یہ، وہ، ہے ......)


اس بات کا خاص طور پر خیال رکھنے کی ضرورت ہے کہ یہ قاعدے بچّوں کی پڑھنے کی مہارتوں کے فروغ کے لیے ہیں۔ پڑھنے اور لکھنے کے اہداف الگ رکھنے ضروری ہیں۔ پڑھائی کے بعد لکھائی کی مشق بھی کروائی جانی چاہیے۔ اس کے لیے اُردُو خوشخطی سلسلہ (اوکسفرڈ یونیورسٹی پریس) کی مدد لیجیے تاکہ طلبہ و طالبات درست طریقے سے لکھنا سیکھ سکیں۔


ہدایات برائے اساتذہ اور آخر میں دی گئی فرہنگ ان قاعدوں کو بہترین انداز میں استعمال کرنے میں مددگار ہوں گی۔ ان شاء اللہ

فوزیہ احسان فاروقی

فہرست


ا  ب  پ  ت 


ٹ  ث  ج  چ 



ح  خ  د  ڈ 

ذ  ر  ڑ  ز 

ژ  س  ش  ص 

ض  ط  ظ  ع 

غ  ف  ق  ک 

گ  ل  م  ن 

و  ہ  ی ے 

چھوٹی اشکال سیکھیے

ب بـ	پ پـ	ت تـ	ٹ ٹـ	ث ثـ
ج جـ	چ چـ	ح حـ	خ خـ	س سـ
ش شـ	ص صـ	ض ضـ	ع عـ	غ غـ
ف فـ	ق قـ	ک کـ	گ گـ	ل لـ
م مـ	ن نـ	ہ ہـ	ی یـ	

☆ جن حروف کی چھوٹی اشکال نہیں ہیں وہ مندرجہ ذیل ہیں :

ا د ڈ ذ ر ڑ ز ژ ط ظ و

☆ وہ حروف جو اپنے سے پہلے آنے والے حروف سے ملتے ہیں لیکن اپنے بعد آنے والے حروف سے نہیں ملتے مثلاً ب + ا = با ، ا + ب = اب۔

د ڈ ذ ر ڑ ز ژ و ا


ذخیرۂ الفاظ : حروفِ تہجّی کی چھوٹی اشکال کی پہچان۔



ب + ا   با   پا   تا   ٹا   ثا


ج + ا   جا   چا   حا   خا   دا   ڈا   ذا

را   ڑا   زا   ژا   س + ا   سا   شا



صا   ضا   طا   ظا   عا   غا   فا   قا

ک + ا   کا   گا   لا   ما   نا   ہا



بابا   پاپا   چاچا   باجا   تالا   پالا

چاٹا   سارا   جالا   کالا   گانا   تارا

کاٹا   لانا



بات   رات   سات   ناک   کان   صاف

سال   چار   ساگ   تاج   دال



ذخیرۂ الفاظ : 'ا' کے دو، چار اور تین حرفی الفاظ کی مشق۔



ب + و　بو　پو　تو　ٹو　ثو

ج + و　جو　چو　حو　خو　دو　ڈو　ذو

رو　ڑو　زو　ژو　س + و　سو　شو

صو　ضو　طو　ظو　عو　غو　فو　قو

ک + و　کو　گو　لو　مو　نو　ہو

و

بولو　تولو　جوڑو　سوچو　طوطا　سوچا

بولا　توڑا　رونا　موٹا　تولا　بانو

جاگو　مانو　مارو　کاٹو



گول　مور　ڈول　کوٹ　توپ　روز

چور　گود

ذخیرۂ الفاظ : 'و' کے دو، چار اور تین حرفی الفاظ کی مشق۔





ب + ی	بی	پی	تی	ٹی	ثی		
ج + ی	جی	چی	حی	خی	دی	ڈی	ذی
ری	ڑی	زی	ژی	س + ی	سی	شی	
صی	ضی	طی	ظی	عی	غی	فی	قی
ک + ی	کی	گی	لی	می	نی	ہی	



تالی	باجی	گاڑی	ٹافی	دادی	نانی
مالی	جاگی	تازی	باسی		



بولی	کوٹی	تولی	سوتی	موتی	روکی
موڑی	موچی	گولی	گوری	جوڑی	توڑی
گولی	سوچی				

ذخیرۂ الفاظ : 'ی' کے دو اور چار حرفی الفاظ کی مشق۔

ب + ے	بے	پے	تے	ٹے	ثے		
ج + ے	جے	چے	حے	خے	دے	ڈے	ذے
رے	ڑے	زے	ژے	س + ے	سے	شے	
صے	ضے	طے	ظے	عے	غے	فے	قے
ک + ے	کے	گے	لے	مے	نے	ہے	

ے


باجے	تالے	کالے	دانے	تارے	ڈالے
مارے	چاٹے	گانے	کانے	مانے	جاتے
لاتے	سارے				

توڑے	موڑے	جوڑے	موزے	بولے	تولے
سوچے	طوطے	سوتے	روتے	روکے	گولے

ذخیرۂ الفاظ : 'ے' کے دو اور چار حرفی الفاظ کی مشق۔

ا	امّی	انار	الماری
و	وضو	ورق	ورزش
ی ے	یخنی	یکّہ	

و + ا	وا	والا	والی	والے	وہ	واہ
ی ے + ا	یا	پایا	تایا	لایا	گایا	



طوطے والا طوطے لایا۔

طوطے نے گانا گایا۔

ذخیرۂ الفاظ: 'ا و ی ے' کا بطور مصمّتے (Consonant) استعمال۔

بھ


بھائی



بھیڑ



بھینس



پھ


پھَل






پھوڑا

پھاٹک



تھ

تھالی





تھیلا

ٹھ




ٹھیک


ٹھنڈا



ٹھیلا



ذخیرۂ الفاظ: مرکّب حروفِ تہجّی یا بھاری آوازوں کے حروف کی پہچان۔ (اساتذہ ان آوازوں سے شروع ہونے والے مزید الفاظ پوچھیں اور بتائیں۔)

جھ	جُھنجُھنا  جھنڈا  جُھولا 
چھ	چھت  چھلنی  چھتری 
دھ	دھنک  دھاگا  دھوبی 
ڈھ	ڈھیر  ڈھول  ڈِھیلا 

ذخیرۂ الفاظ : مرکّب حروفِ تہجّی یا بھاری آوازوں کے حروف کی پہچان۔

ڑھ


پڑھنا


سیڑھی

کھ


کھانا


کِھیرا


کھلونا

گھ


گھنٹی


گھڑی


گھر

لھ


دُولھا


چُولھا

ذخیرۂ الفاظ : مرکّب حروفِ تہجّی یا بھاری آوازوں کے حروف کی پہچان۔

مھ



نھ



ا	و	ی	ے
بھا	بھو	بھی	بھے
پھا	پھو	پھی	پھے
تھا	تھو	تھی	تھے
ٹھا	ٹھو	ٹھی	ٹھے
جھا	جھو	جھی	جھے
چھا	چھو	چھی	چھے

ا	و	ی	ے
دھا	دھو	دھی	دھے
ڈھا	ڈھو	ڈھی	ڈھے
کھا	کھو	کھی	کھے
گھا	گھو	گھی	گھے
ڑھا	ڑھو	ڑھی	ڑھے

ذخیرۂ الفاظ : 'مھ ، نھ' مرکب حروف کا تعارف | 'ا و ی ے' سے ملا کر دو حرفی الفاظ بنانا۔






بھاگا	دھاگا	بھالا	چھالا	کھانا	کھاتا
کھارا	کھایا	پھاڑا	جھاڑا	چھانا	بھاڑا
ماتھا	گھاٹا	ڈھالا	ڈھایا		




بھاگ	جھاگ	گھاس	ڈھال	کھاد	جھاڑ
ساتھ	ہاتھ	راکھ	لاکھ	باڑھ	داڑھ






کھوٹا	دھونا	کھونا	کھولا	گھوڑا	گھولا
بھولا	چھوڑا	تھوڑا	پھوڑا	ڈھویا	



چھوڑ	کھول	ڈھول	گھول	کھوٹ	گھوٹ

ذخیرۂ الفاظ : مرکّب حروف 'ا ، و' سے ملا کر چار حرفی اور تین حرفی الفاظ بنانا۔

ی



بھاگی	جھاڑی	کھانی	کھاتی	بھابھی	ڈھالی
گھاٹی	لاٹھی	ساتھی	ہاتھی	ساجھی	کاٹھی

بھولی	کھوٹی	گھولی	گھوڑی	چھوٹی	گوبھی
کوٹھی					

ھ


ے



بھاگے	کھانے	چھالے	بھالے	گھاٹے	چھاتے
کھاتے	ماتھے				

کھولے	بھولے	چھولے	گھوڑے	چھوڑے	پھوڑے


ذخیرۂ الفاظ: مرکّب حروف 'ی ، ے' سے ملا کر چار حرفی الفاظ بنانا۔




آم	آج	آپ	آگ	آٹھ	آہ
آس	آن	آب	آڑ		

آٹا	آپا	آرا	آنا	آغا	آتا
آڑا	آقا	آدھا	آیا		

آپی	آتی	آری	آڑو	آڑی	آبی
آدھی	آدھے	آتے	آرے	آڑے	آنے
آگے	آلے				




آج ہاتھی آیا۔ ہاتھی کے آگے آغا تھا۔




آپی کے پاس آدھی روٹی ہے۔ آغا کے پاس آٹھ آم ہیں

آغا آری سے کیا کاٹ رہا ہے؟





بَ + س	بَس	پَ + ر	پَر	جَ + ب	جَب
جَ + گ	جَگ	دَ + س	دَس	خَ + ط	خَط
گَ + ل	گَل	ہَ + م	ہَم	حَ + ج	حَج
چھَ + ت	چھَت	سَ + چ	سَچ	رَ + س	رَس
گھَ + ر	گھَر	پھَ + ل	پھَل	دھَ + م	دھَم
چَ + ڑھ	چَڑھ	اَپ + نا	اَپنا	لَم + با	لَمبا
کَم + را	کَمرا	چَم + کو	چَمکو	بَک + ری	بَکری
لَڑ + کی	لَڑکی	لَگ + تی	لَگتی	جَل + دی	جَلدی
چَم + کے	چَمکے	لَم + بے	لَمبے		






ہَم نے خَط پَڑھا۔ چَلو جَلدی گَھر چَلو۔ سَچ بولو۔ پَھل کھالو۔


رات کو تارے چَمکے۔ زارا کے بال لَمبے ہیں۔ عالی چَھت پَر ہے۔

ذخیرۂ الفاظ: زبر کے دو اور چار حرفی ملے ہوئے الفاظ کی مشق۔



بَ + تا	بَتا	پَ + تا	پَتا	بَ + جا	بَجا
چَ + لا	چَلا	کَ + ٹا	کَٹا	گَ + دھا	گَدھا
بَ + ڑا	بَڑا	لَ + گا	لَگا	کَ + ہا	کَہا
کَ + رو	کَرو	پَ + ڑھو	پَڑھو	بَ + ڑھو	بَڑھو
سَ + جو	سَجو	لَ + گو	لَگو	چَ + لو	چَلو
کَ + ہو	کَہو	بَ + نی	بَنی	بَ + جی	بَجی
سَ + گی	سَگی	کَ + ٹی	کَٹی	گَ + دھی	گَدھی
لَ + گی	لَگی	پَ + لی	پَلی	کَ + ہی	کَہی
چَ + لے	چَلے	لَ + گے	لَگے	بَ + ڑے	بَڑے





عالی سَچ بَتادو۔ دھوبی گَدھا گاڑی لایا۔

امّی نے کیا بات کَہی تھی؟ زارا کام کَرو اور پَڑھو۔



ذخیرۂ الفاظ: زبر کے تین حرفی ملے ہوئے الفاظ کی مشق۔






گِن	گِ + ن	کِن	کِ + ن	دِن	دِ + ن
دِل	دِ + ل	بِل	بِ + ل	کِس	کِ + س
گِر	گِ + ر	جِن	جِ + ن	ہِل	ہِ + ل
بھِڑ	بھِ + ڑ	کھِل	کھِ + ل	سِکھ	سِ + کھ
کھِلا	کھِ + لا	گِرا	گِ + را	پھِر	پھِ + ر
کِسی	کِ + سی	گِنو	گِ + نو	مِلو	مِ + لو
لِکھتی	لِکھ + تی	مِلے	مِ + لے	کِسے	کِ + سے
کِتنی	کِت + نی	ہِرنی	ہِر + نی	کھِڑکی	کھِڑ + کی
				کِتنے	کِت + نے

زیر ـِـ





آج کیا دِن ہے؟ عالی کا دِل دَھک دَھک کر رہا ہے۔

زارا نے کہا: ہِرنی کِتنی تیز بھاگی؟ زارا خط لِکھتی ہے۔


ذخیرۂ الفاظ: زیر کے دو، تین اور چار حرفی ملے ہوئے الفاظ کی مشق۔



پیش ـُ

اُ + س	اُس	اُ + ن	اُن	تُ + م	تُم
پُ + ل	پُل	سُ + ن	سُن	بُ + جھ	بُجھ
کھُ + ل	کھُل	دُھ + ل	دُھل	جھُ + ک	جھُک
اُ + ڑا	اُڑا	کھُ + لا	کھُلا	مُ + ڑا	مُڑا
بُ + را	بُرا	بُ + جھی	بُجھی	سُ + نی	سُنی
مُ + ڑی	مُڑی	مُ + جھے	مُجھے	بُ + رے	بُرے
اُٹھ + تا	اُٹھتا	سُن + تا	سُنتا	سُن + تی	سُنتی
سُن + تے	سُنتے	چُپ + کے	چُپکے	مُر + غے	مُرغے





عالی اور بھائی چُپکے سے باہر گئے۔ عالی سات بجے اُٹھتا ہے۔

آج بُدھ کا دِن ہے۔ تُم نے باجی کی بات سُنی؟

دادی جان کہانی سُنا رہی ہیں۔ دروازہ کھُلا ہے۔

ذخیرۂ الفاظ: پیش کے دو، تین اور چار حرفی ملے ہوئے الفاظ کی مشق۔ | نئے الفاظ 'دروازہ، باہر، اور کہانی' کا تعارف۔

زیر ــِـ


واپِس	ماچِس	خالِد	خالِص	رازِق	فارِغ
داخِل	بارِش	ساحِل	شامِل	خاطِر	واجِب
حافِظ					

زبر ــَـ

کاجَل	بادَل	پاگَل	جامَن	سالَن	چادَر
گاجَر					

پیش ــُـ

ناخُن	صابُن	ثابُت



یہ گاجَر لال ہے۔

وہ چادَر کالی ہے۔



عالی ناخُن کاٹ لو۔

ذخیرۂ الفاظ : زیر، زبر اور پیش کے چار حرفی الفاظ کی مشق۔





آؤ	جاؤ	داؤ	لاؤ	پاؤ	ناؤ
کھاؤ	بھاؤ	گاؤ	آئی	رائی	مائی
لائی	پائی	نائی	کھائی	بھائی	آئے
گائے	چائے	لائے	پائے	جائے	کھائے
سائے	نئی	کئی	گئی	مئی	گئے
نئے	بناؤ	بتاؤ	چلاؤ	پڑھاؤ	چُھپاؤ
بنائی	سُنائی	لکھائی	ملائی	رَضائی	بنائے
بجائے	سُنائے	لگائے	بھگائے		



یہ بھائی کی نئی رَضائی ہے۔

عالی کو پڑھاؤ۔

زارا کہاں گئی تھی؟

ذخیرۂ الفاظ: ہمزہ 'ء' کے دو، تین اور چار حرفی الفاظ کی مشق۔ (ہمزہ کو دونوں طرح سے لکھا جاتا ہے۔)





تی + ن	تِین	بی + س	بِیس	تی + س	تِیس
بی + ن	بِین	چی + ن	چِین	تی + ر	تِیر
پی + ر	پِیر	چی + ز	چِیز	جی + ت	جِیت
عی + د	عِید	چی + ل	چِیل	می + ل	مِیل
کی + ل	کِیل	نی + ل	نِیل	نی + م	نِیم
چی + خ	چِیخ	سی + دھ	سِیدھ	بھی + گ	بِھیگ
جھی + ل	جِھیل	کھی + ر	کِھیر	ٹھی + ک	ٹِھیک
چھی + ل	چِھیل	نی + چ	نِیچ	سی + کھ	سِیکھ








آج عِید کا دِن ہے۔ زارا نے کِھیر کھائی۔ زارا کو کِھیر پسند ہے۔

کل پِیر کا دِن تھا۔ عالی ٹِھیک کام کرو۔

شان یہ کِیل ٹھوکو۔

ذخیرۂ الفاظ: 'ی یِ' کی درمیانی شکل کے الفاظ کی مشق۔ | نئے لفظ 'پسند' کا تعارف۔





چی + تا	چِیتا	چی + خا	چِیخا	پی + سا	پِیسا
پی + لا	پِیلا	نی + لا	نِیلا	گی + لا	گِیلا
چھی + لا	چِھیلا	بھی + گا	بِھیگا	چی + خا	چِیخا
چی + خو	چِیخو	بھی + گو	بِھیگو	چھی + لو	چِھیلو
پی + سو	پِیسو	سی + کھو	سِیکھو	چی + نی	چِینی
سی + ٹی	سِیٹی	سی + کھی	سِیکھی	نی + لی	نِیلی
پی + لی	پِیلی	بھی + گے	بِھیگے	سی + دھے	سِیدھے
سی + کھے	سِیکھے	پی + لے	پِیلے	نی + لے	نِیلے








میرا ہاتھ گِیلا ہے۔ عالی بارِش میں بِھیگا۔

آج مَیں نے نیا کام سِیکھا۔

عالی کی سِیٹی پِیلی ہے۔ زارا کی سِیٹی نِیلی ہے۔

ذخیرۂ الفاظ: 'ی' کی درمیانی شکل 'یِ' کے چار حرفی ملے ہوئے الفاظ کی مشق۔







جے + ب	جیب	بے + ر	بیر	پے + ڑ	پیڑ
پے + ٹ	پیٹ	تے + ز	تیز	مے + ز	میز
سے + ب	سیب	رے + ت	ریت	نے + ک	نیک
رے + ل	ریل	تے + ل	تیل	شے + ر	شیر
کھے + ت	کھیت	کھے + ل	کھیل	دے + کھ	دیکھ
کھے + لا	کھیلا	کھے + لو	کھیلو	کھے + لی	کھیلی
کھے + لے	کھیلے	لے + ٹا	لیٹا	لے + تا	لیتا
مے + را	میرا	مے + ری	میری	مے + رے	میرے

شان نے سیب کے پیڑ سے سیب توڑے۔

شان کی جیب میں پانچ بیر ہیں۔ عالی کہاں لیٹا ہے؟

زارا اور عالی ایک ساتھ کھیلے۔



ذخیرۂ الفاظ : 'ے' کی درمیانی شکل 'یـ' کے تین اور چار حرفی ملے ہوئے الفاظ کی مشق۔



دُور	نُور	خُوب	جُون	خُون	ٹُوٹ
کُوٹ	طُور	سُوٹ	لُوٹ	دُودھ	سُوکھ
رُوٹھ	پُھول	بُھوک	سُوکھ	دُھوپ	دُھول
بُھون	پُوچھ	بُھول	دُھوم	گُھوم	جُھوٹ










چُوہا	جُوتا	سُوکھا	پُھوپھا	چُولھا	جُھوٹا
چاقُو	بھالُو	آڑُو	جھاڑُو	بازُو	خالُو
چُوڑی	پُوری	ٹُوٹی	پُھوپھی	سُوکھی	لُوٹی
بُھوکے	چُوہے	جُھوٹے	جُھولے	ٹُوٹے	چُوزے


زارا کو بُھوک لگ رہی ہے۔ یہ چھوٹے اور پِیلے چُوزے ہیں۔

میرے جُوتے ٹُوٹ گئے ہیں۔ خالُو کے بازُو پَر چوٹ ہے۔

ذخیرۂ الفاظ : دو مصوّتوں پیش اور 'و' کی ملی ہوئی لمبی آواز 'ُو' کے الفاظ کی مشق۔



نَو	سَو	اَور	کَون	شَوق	مَوج
فَوج	دَوڑ	چَوک	حَوض	لَوٹ	مَوت
دَوڑا	دَوڑی	دَوڑے	پَودا	پَودے	فَوجی
بَونا	بَونے	چَوڑا	چَوڑی	چَوڑے	فَوری
چَوکا	چَوکے				



حَوض میں پانی ہے۔

فَوجی کہاں جا رہے ہیں؟

چَوک پر بِھیڑ ہے۔

عالی نے ایک چَوکا مارا۔

شان نے تِین چَوکے مارے۔



یہ چَوڑی سڑک ہے۔

ذخیرۂ الفاظ: دو مصوّتوں زبر اور 'و' کے ملنے سے نکلنے والی آواز 'وَ' کے الفاظ کی مشق۔


تَے + ر	تَیر	مَے + ل	مَیل	پَے + دا	پَیدا
مَے + دا	مَیدا	تھَے + لا	تھَیلا	اَے + سا	اَیسا
اَے + سی	اَیسی	اَے + سے	اَیسے	مَے + نا	مَینا
پَے + سا	پَیسا	جَے + سا	جَیسا	جَے + سی	جَیسی
جَے + سے	جَیسے	کَے + سا	کَیسا	کَے + سی	کَیسی
کَے + سے	کَیسے	بَے + ٹھا	بَیٹھا	بَے + ٹھو	بَیٹھو
بَے + ٹھی	بَیٹھی	بَے + ٹھے	بَیٹھے		







آج ہم نے باغ کی سَیر کی۔ باغ میں درخت پر مَینا بَیٹھی تھی۔
جَیسے ہی ہم آگے بڑھے وہ اُڑ گئی۔ عالی جُھولے پر بَیٹھا۔



ذخیرۂ الفاظ: دو مصوّتوں زبر اور 'ے' کے ملنے سے نکلنے والی پھیلی ہوئی آواز 'ـَے' کے الفاظ کی مشق۔

گَیا	نَیا	پِیا	سِیا	لِیا	کِیا
دِیا	جِیا	آیا	پایا	تایا	گایا
لایا	کھایا	سایا			



سِیے	لِیے	کِیے	دِیے	پِیے	جِیے

پِیارا	پِیاری	پِیارے


پڑھایا	مِلایا	لَگایا	سُلایا	جَلایا	بَھگایا
دِلایا	سِکھایا	پَکایا	سُنایا	بَنایا	دِکھایا
سَجایا	جُھکایا	ہَٹایا			



مجھے اپنی امّی بہت پیاری لگتی ہیں۔

یہ میرا نَیا بستہ ہے۔ آج تُم نے کیا کھایا؟

عالی نے کَمرا سَجایا۔ عالی آم کا رَس پِیے گا۔



اَم + می	اَمّی	اَب + با	اَبّا	کَچ + چا	کَچّا
چَچ + چا	چَچّا	پَت + تا	پَتّا	بَل + لا	بَلّا
بِل + لی	بِلّی	مَکھ + کھی	مَکّھی	مَچھ + چھر	مَچّھر
کُت + تا	کُتّا	اَچھ + چھے	اَچّھے	سَچ + چے	سَچّے

تشدید ّ







میرے جُوتے اَچّھے ہیں۔

مجھے کُتّے سے ڈر لگتا ہے۔

چَچّا جان کہاں ہیں؟



یہ پَتّا ہرا ہے۔



میرا بَلّا کہاں ہے؟



مَکّھی اور مَچّھر سے دُور رہو۔



ذخیرۂ الفاظ : تشدید (ّ) کے الفاظ کی مشق۔

ال	ماں	ہاں	کہاں	سانْپ	دانْت	چانْد
	ٹانْگ	سانْس	بانْدھ	کھانْس	تانْگا	مانْگا
آ	آنکھ	آنسو	آندھی			
و	میزوں	پودوں	کتابوں	چونچ	گوند	ڈونگا
ی	نِہیں	وِہیں	کِہیں	سِینگ	چِھینک	نِیند
ے	میزیں	کتابیں	عِیدیں	گیند	مینڈک	کھینچ
زبر َ	رَنگ	پَتنگ	بَندر	جَنگل	ڈَنڈا	جَھنڈا
زیر ِ	سِندھ	سِندھی	پِنڈی	بِھنڈی		
پیش ُ	دُھند	کُنڈی	بُندا			

عالی نے گوند سے پَتنگ جوڑی۔ طوطے کی چونچ لال ہے۔

عالی بازار سے بِھنڈی لانا۔ اس بکرے کے سِینگ بڑے ہیں۔

ذخیرۂ الفاظ : ن غُنّہ کے الفاظ۔ | نئے لفظ 'بازار' کا تعارف۔

حروفِ تہجّی

ا آ ب بھ پ پھ ت تھ ٹ ٹھ ث

ج جھ چ چھ ح خ

د دھ ڈ ڈھ ذ ر ڑ ڑھ ز ژ

س ش ص ض ط ظ ع غ

ف ق ک کھ گ گھ

ل م مھ ن نھ و ہ ی ے

ذخیرۂ الفاظ: تمام حروفِ تہجّی (مفرد و مرکّب) کی پہچان کا اعادہ۔

ہفتے کے دن

اِتوار	پِیر	منگل	بُدھ	جمعرات	جمعہ	ہفتہ

مہینے

جنوری	فروری	مارچ	اپریل	مئی	جُون
جولائی	اگست	ستمبر	اکتوبر	نومبر	دسمبر

مَیں اِتوار کو سَیر کرنے جاؤں گا۔

عالی ۳۰ جنوری کو پِیر کے دِن پَیدا ہُوا تھا۔


ذخیرۂ الفاظ: ہفتے کے دِنوں اور مہینوں کے نام۔

پھل


سیب



اَمرُود



اَنار




کیلا



چیکُو




کِینو



انگُور




تربُوز



خُوبانی




خَربُوزہ



ناشپاتی



مالٹا




عالی سیب شَوق سے کھاتا ہے۔ زارا کو امرُود پسند ہیں۔


سیب کھانے سے طاقت آتی ہے۔ وہ کیلا بھی شَوق سے کھاتی ہے۔

ذخیرۂ الفاظ: پھلوں کے نام۔

جانور


اُونٹ


ہِرن


گھوڑا



بَکری


بطخ


شیر


کَچھوا


رِیچھ


ہاتھی


پرندے


کوّا


مَینا


چکور


کوئل


کبُوتر


چِیل


ذخیرۂ الفاظ: جانوروں اور پرندوں کے نام۔


گِنتی


۱۔ ایک 


۲۔ دو 

۳۔ تِین 

۴۔ چار 


۵۔ پانچ 


۶۔ چھ 

۷۔ سات 


۸۔ آٹھ 

۹۔ نَو 

۱۰۔ دَس 

یہ دو تیر ہیں۔ 



باغ میں چھ بچّے کھیل رہے ہیں۔



میرے پاس آٹھ آم ہیں۔ 



یہ دَس کیلے ہیں دو کیلے اَور دو۔



ذخیرۂ الفاظ: گنتی 'ایک سے دس'

سبزیاں

گاجر 
بینگن 
پیاز 

مَٹر 
مُولی 
مِرچ 

لَوکی 
بِھنڈی 
ٹماٹر 

کَریلا 
آلُو 
گوبھی 

"عالی آلُو، پیاز اور مَٹر لاؤ۔ جَلدی آنا" امّی نے کہا۔




یہ آلُو کیا بھاؤ ہیں؟ عالی نے پُوچھا۔



"آلُو دس روپے کِلو ہیں۔" سبزی والے نے کہا۔


دو کِلو آلُو دو۔ دو کِلو پیاز اور آدھا کِلو مَٹر دے دو۔

ذخیرۂ الفاظ: سبزیوں کے نام۔ نیا لفظ 'کِلو'۔

رنگوں کے نام

لال  پِیلا  نِیلا 

ہَرا  گُلابی  سفید 

نارنجی  کالا  جامنی 

میری گُڑیا کے گال گُلابی ہیں۔


ابّو سیب لائے۔ اُن میں کُچھ کا رَنگ پِیلا تھا، کُچھ سیب لال تھے
اور کُچھ کا رَنگ ہَرا تھا۔

زارا کی سفید فراک پَر گُلابی، جامنی اور نارنجی رَنگ کے تارے ہیں۔


ذخیرۂ الفاظ: رنگوں کے نام۔

گِنتی


۱۱۔ گیارہ




۱۲۔ بارہ



۱۳۔ تیرہ



۱۴۔ چَودہ




۱۵۔ پندرہ



۱۶۔ سولہ



۱۷۔ سَترہ




۱۸۔ اَٹھّارہ



۱۹۔ اُنّیس



۲۰۔ بِیس



اوقات

عالی صبح سات بجے اُٹھتا ہے۔ اسکُول جاتا ہے۔
دوپہر دو بجے واپس آتا ہے۔ شام کو باغ میں کھیلنے جاتا ہے۔
رات کو گھر کا کام کر کے آٹھ بجے سو جاتا ہے۔

ذخیرۂ الفاظ: گِنتی '۱۱ سے ۲۰' ہندسوں اور الفاظ میں۔ اوقات 'صبح، دوپہر، شام اور رات'۔

ہدایات برائے اساتذہ

پڑھیے اور سیکھیے حصّہ دوم ، حصّہ اوّل کو بنیاد بناتے ہوئے اور تدریج و تسلسل کو مدِ نظر رکھتے ہوئے ترتیب دیا گیا ہے۔ حصّہ اوّل میں مفردِ حروفِ تہجّی کی پہچان ، بنیادی مصوّتوں (ا و ی ے) کے ساتھ الفاظ سازی نیز بصری طریقۂ تدریس سے منتخب ذخیرۂ الفاظ کی پہچان کروائی گئی ہے۔ حصّہ دوم کے ابتدائی صفحات میں ان تمام کا اعادہ کروایا گیا ہے۔ ضروری ہے کہ اعادے کا کام کرواتے ہوئے طلبہ وطالبات کی ذہنی استعداد کو مدِنظر رکھتے ہوئے دورانیۂ تدریس متعین کیا جائے مثلاً ہوسکتا ہے کہ طلبہ و طالبات حروف کی پہچان بہت بہتر نہ کر پا رہے ہوں۔ اس صورت میں حروف کی پہچان کے لیے مزید وقت مختص کیا جاسکتا ہے۔ فلیش کارڈز سے حروف اور ان سے متعلقہ تصاویر روزانہ دکھانا بھی ایک مفید عمل ہے۔

صوتی طریقے سے پڑھائیے

خیال رہے کہ حروف کے نام نہ لیے جائیں مثلاً ''بے الف زبر با'' نہ پڑھایا جائے۔ درست طریقہ : ب ا = با ، ب او = بو ، ب ای = بی ، ب ا ے = بے۔ اسی طریقے سے تمام الفاظ پڑھائیے۔ دو حرفی الفاظ پڑھانے کے بعد کوشش کیجیے کہ ارکان سے پڑھائی کی جائے۔ مثلاً چار حرفی الفاظ 'باجا' پڑھانے کے لیے دوبارہ بَ اَج اَ = باجا نہ پڑھایا جائے بلکہ با۔ جا = باجا پڑھائیے۔ اسی طرح لفظ 'باجی' کے لیے بَ اَج اِ ی = باجی کے بجائے با۔ جی = باجی سکھائیے۔ سیکھیے

صفحہ نمبر ے پر 'ا و ی ے' کی بطور مصمتے (Consonant) آواز کے الفاظ سکھائے گئے ہیں۔ مثلاً الف سے الماری ، و سے وضو ، ی ے سے یخنی۔ 'ی' اور 'ے' بطور مصوّتہ مختلف آوازیں رکھتے ہیں یعنی ی = اِی اور ے = اے۔ جبکہ بطور مصمّتہ دونوں کی ایک جیسی آواز ہوتی ہے۔ جیسے ی ے = یکہ ...... بھاری یا مرکّب حروفِ تہجّی بطور مکمل حرف متعارف کرائیے (یعنی ب اور ھ کی الگ پہچان نہ کرائیے) ان حروف کو سکھانے کے لیے بھی مفردِ حروف (پڑھیے اور سیکھیے حصّہ اوّل) ہی کی طرح کی مشق اور سرگرمیاں کروائیے۔ مثلاً ان سے شروع ہونے والے ذخیرۂ الفاظ پوچھنا اور بتانا ، تصاویر دکھانا وغیرہ۔ اس کتاب کے ہر صفحے پر تدریج کا خیال رکھا گیا ہے۔ ہر لفظ اور نظریہ سکھایا گیا۔ الفاظ اور نظریات کو مدِنظر رکھ کر باریک بینی اور احتیاط سے ترتیب دیا گیا ہے۔ صفحات کے نیچے دیے گئے نوٹس کی مدد سے کچھ نئے الفاظ کی پہچان بہترین طریقے سے کروائیے۔

اس کتاب میں اُردو کے تقریباً تمام مصوّتوں کے ساتھ الفاظ سازی سکھائی گئی ہے۔ الفاظ کی مشق کے ساتھ ان کا استعمال سکھانے کے لیے سکھائے گئے الفاظ پر مبنی جملے بھی دیے گئے ہیں۔ درست پڑھنے کے لیے طلبہ و طالبات کی مدد اور حوصلہ افزائی کیجیے۔

کتاب میں دیے گئے نئے الفاظ مثلاً 'بہت ، باہر ......' اور مختلف نام مثلاً پھلوں کے نام ، سبزیوں کے نام ...... کے فلیش کارڈز دکھانا اپنی منصوبہ بندی میں شامل رکھیے۔ یہ فلیش کارڈز روزانہ کم سے کم پانچ سے آٹھ کی تعداد میں دکھائیے۔ پڑھنا سیکھ جانے پر نئے کارڈز پڑھائیے۔ دو ہفتے میں ایک بار پچھلے سکھائے گئے کارڈز کا اعادہ بھی کروائیے۔ یہ طریقۂ کار الفاظ کو بغیر ہجّے کیے پہچاننے کے لیے ہے اور اس سے بچّوں میں پڑھنے کا اعتماد بڑھتا ہے۔ پڑھنے کے دوران مختلف سرگرمیاں کروانا بچّوں کے شوق اور دلچسپی میں اضافے کا باعث بنتا ہے۔ مثلاً 'ی' کی درمیانی شکل سکھاتے ہوئے جماعت کے گوشے میں اس آواز سے متعلق چیزوں کی نمائش کیجیے۔ (بچّوں سے منگوائیے اور خود بھی لائی جاسکتی ہیں۔) چینی ، کھلونے کا چیتا ، بین ، قیف وغیرہ۔

ان کتب کا مقصد طلبہ و طالبات کو پڑھنا سکھانا ہے۔ یاد رہے کہ پڑھائی کا معیار لکھائی کے معیار سے بہت بلند ہوسکتا ہے یعنی طلبہ و طالبات الفاظ کی لمبی فہرستیں پڑھ سکتے ہیں لیکن لکھنے میں انھیں مشکل درپیش ہوسکتی ہے۔ اس لیے ضروری ہے کہ ترتیب کا خیال رکھتے ہوئے ہر صفحے کے منتخب کم از کم سات الفاظ کی لکھائی کی مشق کروائیے۔ طلبہ و طالبات کے معیار کو مدِنظر رکھتے ہوئے الفاظ کی تعداد کم یا زیادہ کی جاسکتی ہے۔ الفاظ کی مشق کے بعد املا بھی مختلف اور دلچسپ طریقے سے لیجیے۔ حوصلہ افزائی اور تعریف سے سیکھنے کا عمل بہت تیز ہوجاتا ہے۔ درست بناوٹ کے لیے اُردو خوشخطی سلسلہ (اوکسفرڈ یونیورسٹی پریس) استعمال کیجیے۔

فرہنگ

آوازیں	ا	و	ی	ے	بطور مصمتے 'ا و ی ے'	مرکّب حروف	ھ	َ	ِ	ُ	ء	ی یِ	ے یِ
امثال	با بابا بات	بو بولو توپ	جی باجی بیس	جے باجے جیب	امّی وضو یکّہ	بھاگا گھوڑا بھابھی ماتھے	آم آٹا آدھے	بَس اَپنا لَمبے	دِن گِرا ہِرنی	تُم بُرا چُپکے	جاؤ بھائی لگائے	تِین چِیتا چِینی پِیلے	جیب کھیلا میری میرے

آوازیں	ُو	وَ	ےَ	ی	ّ	ں
امثال	دُور چُوہا جھاڑُو جُوتے	نَو دَوڑا چَوڑی بَونے	تَیر پَیدا بَیٹھو	پیا تایا پیارا	امّی کچّا مکّھی	ماں گیند جھنڈا

ذخیرۂ الفاظ :

رہا
دروازہ
پسند
بہت
بازار
کہانی
باہر

ہفتے کے دِنوں کے نام
مہینوں کے نام
پھلوں کے نام
جانوروں کے نام

پرندوں کے نام
سبزیوں کے نام
گنتی ایک سے بیس تک

اوکسفرڈ یونیورسٹی پریس، نمبر 38، سیکٹر 15، کورنگی انڈسٹریل ایریا، کراچی - 74900، پاکستان
- ٹیلیفون: 86-35071580 (21-92) • ٹول فری نمبر: 68775-0800 (صبح 9 تا شام 5 بجے؛ پیر تا جمعہ)
- فیکس: 72-35055071 (21-92) • ای میل: central.marketing.pk@oup.com
- ویب سائٹ: www.oup.com.pk آپ ہمیں پر دیکھ سکتے ہیں۔

پڑھیے اور سیکھیے

اُردو پڑھنا سکھانے کے لیے سہل، مستند اور دیدہ زیب قاعدوں کی ضرورت ایک عرصے سے محسوس کی جارہی تھی۔ اوکسفرڈ یونیورسٹی پریس کی جانب سے اُردو کی کُتب کو دلچسپ اور جدید خطوط پر استوار کرنے کی ایک اور کوشش یہ رنگین تصویری قاعدے ہیں۔

یہ قاعدے حروفِ تہجّی کی پہچان سے الفاظ اور جملوں کے پڑھنے تک کا سفر بتدریج اور بآسانی طے کرانے کے لیے ترتیب دیے گئے ہیں۔ صوتی اور بصری طریقوں سے حروف اور الفاظ کی پہچان طلبہ و طالبات کو پڑھنے کا اعتماد بخشے گی۔

بچّوں کے گرد و پیش میں پائے جانے والے مناظر کی رنگین، دلچسپ اور خوبصورت تصاویر نہ صرف حروف کی پہچان میں مددگار ہوں گی بلکہ ان کے مشاہدے، جزئیات و تفصیلات پر نظر رکھنے اور تصوّر کرنے کی صلاحیتوں کی نشوونما بھی کریں گی۔ ان تصاویر کے ذریعے طلبہ و طالبات اپنے ماحول کے متعلق ایک وسیع ذخیرۂ الفاظ بھی حاصل کرسکیں گے۔

ہدایات برائے اساتذہ، معلّمین کے لیے تدریس کو جامع اور مؤثر بنانے میں معاون و مددگار ہوں گی۔

- پڑھیے اور سیکھیے۔ حصّہ اوّل
- پڑھیے اور سیکھیے۔ حصّہ دوم

معاون اجزا: حروفِ تہجّی فلیش کارڈز

OXFORD
UNIVERSITY PRESS

www.oup.com
www.oup.com.pk

ISBN 978-0-19-547862-4



RS 260